PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 20th

Notice No. 2024

Received Dated 02 / 8 /2021

Admitted Dated 03 / 8 /2021

Department **Communication and Works**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 2024

منجانب: وقار احمد خان، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ اس اسمبلی کی پاس شدہ قرارداد نمبر 260 سوات ایکسپریس وے فیز ٹو موجودہ حکومت کی ایک اچھی کاوش اور قابل تعریف منصوبہ ہے اور اس سے مالاکنڈ ڈویژن میں بالعموم اور سوات میں بالخصوص ترقی خوشحالی اور کامرانی کا ایک نیا دور شروع ہوگا سوات کی عوام نے حالیہ برسوں میں بڑی تکالیف کا سامنا کیا ہے انسانی غلطیوں اور قدرتی آفات کی وجہ سے یہ حسین علاقہ ترقی اور خوشحالی کے ثمرات سے محروم رہا ہے لہذا ہم امید کرتے ہیں کہ اس منصوبے سے عوام کی محرومیاں، امیدیں خوشحالی میں بدل جائیں گی۔ میری آپ کی توسط سے یہ گزارش ہوگی کہ چونکہ اس منصوبے کا واحد مقصد وہاں عوام کی خوشحالی اور ترقی ہے لہذا یہ تب ممکن ہوگا کہ اس منصوبے میں عوامی خواہشات کا خیال رکھا جائے اور غیر ضروری طور پر انتہائی قیمتی اور زرعی زمین کو شامل کرنے کے بجائے جہاں ممکن ہو دریائے سوات کے کنارے غیر اباد زمین کو اس منصوبے میں بروکار لایا جائے اور جہاں پر زرعی زمین کی شمولیت ناگزیر ہو وہاں پر مالکان کو ان کی زمینوں کا بہتر معاوضہ دیا جائے۔